# ہر 10 میں سے 4 پاکستانیوں کا خیال ہے کہ غریب ہونا محض قسمت کی بات ہے

اس حوالے سےرائے رکھنے والوں کی شرح خواتین (42%) اور شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (45%) میں زیادہ پائی گئی۔

| | |
|---|---|
| محض قسمت کی بات ہے | 40% |
| وہ غریب گھرانے میں پیدا ہوئے ہیں | 33% |
| پڑھے لکھے نہ ہونے کی وجہ سے ہیں | 20% |
| کام چور ہونے کی وجہ سے | 13% |
| وہ حرام کی آمدنی نہیں لیتے | 11% |
| وہ ملک سے باہرنوکری کرنے نہیں گئے | 8% |



12% نے اس حوالے سے دیگر جوابات دئیے، تاہم 3% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا ۔

**جو لوگ غریب ہیں وہ کیوں غریب ہیں ؟**

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## معاشرتی

معاشرتی رویے

غربت

## ہر 10 میں سے 4 پاکستانیوں کا خیال ہے کہ غریب ہونا محض قسمت کی بات ہے۔اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح خواتین (42%) اور شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (45%) میں زیادہ پائی گئی۔


**(گیلپ&گیلانی پاکستان)،**

(اسلام آباد)، 16 جنوری، 2025

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 10 میں سے 4 پاکستانیوں کا خیال ہے کہ غریب ہونا محض قسمت کی بات ہے۔اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح خواتین (42%) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (45%) میں زیادہ پائی گئی۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"جو لوگ غریب ہیں وہ کیوں غریب ہیں؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 40% جواب دہندگان کے مطابق لوگوں کا غریب ہونا "محض قسمت کی بات ہے"، 33% جواب دہندگان کے مطابق "وہ غریب گھرانے میں پیدا ہوئے ہیں" اس لیے غریب ہیں، 20% جواب دہندگان کے مطابق "پڑھے لکھے نہ ہونے کی وجہ سے ہیں"، 13% جواب دہندگان کے مطابق "کام چور ہونے کی وجہ سے" ہیں، 11% جواب دہندگان کے مطابق "وہ حرام کی آمدنی نہیں لیتے" اس لیے غریب ہیں، 8% جواب دہندگان کے مطابق "وہ ملک سے باہر نوکری کرنے نہیں گئے" اس لیے غریب ہیں، جبکہ 12% جواب دہندگان نے اس حوالے سے دیگر جوابات دیئے، تاہم 3% جواب دہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"جو لوگ غریب ہیں وہ کیوں غریب ہیں؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**<u>جنس کے اعتبار سے:</u>** مرد حضرات (37%) کی نسبت خواتین (42%) کی زیادہ شرح کا خیال ہے کہ غریب ہونا محض قسمت کی بات ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

**<u>دیہی – شہری علاقوں کے اعتبار سے:</u>** دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (36%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (45%) کی زیادہ شرح غربت کو قسمت سے منسوب کرتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 458 خواتین اور مرد حضرات سے 7 تا 12 جنوری 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 16th January 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)